# پولیو ٹیموں کی تربیت کا ایجنڈا

| وقت | موضوع | تربیتی سیشن کو منعقد کرنے کا طریقہ |
|---|---|---|
| 5منٹ | تعارف | اپنا اور حاضر شرکاء کا تعارف کرائیں۔ |
| 10منٹ | شرکاء کی حوصلہ افزائی کرنے کا سیشن | پولیو کی موجودہ عالمی اور قومی صورت حال سے شرکاء کو مختصر طور پر آگاہ کریں۔ پھر متعلقہ یونین کونسل اور ضلع کے کرنے والے اہم کاموں پر توجہ مرکوز رکھیں۔ شرکاء کی پولیو کے خاتمے کیلئے کام کرنے پر حوصلہ افزائی کریں۔ ان کو احساس دلائیں کہ یہ جو کام سرانجام دے رہے ہیں یہ کوئی معمولی کام نہیں بلکہ اس بیماری کا دنیا سے خاتمہ ہے جو بچوں کو عمر بھر کی معذوری میں مبتلا کر دیتی ہے اور بعض اوقات بچوں کی موت واقع ہو جاتی ہے۔ ایک انسان کو بچانا پوری انسانیت کو بچانا ہے۔<br>نیز گزشتہ مہم میں درپیش آنے والی مشکلات اور مسائل پر بحث کریں جس کی وجہ سے کام متاثر ہوا اور کچھ بچے پولیو ویکسین کے قطرے نہ پی سکے۔ شرکاء سے پوچھیں کہ آنے والی مہم میں کام کو کس طرح بہتر بنایا جا سکتا ہے۔ |
| 45منٹ | ٹیموں کو تفویض کردہ علاقے اور روزانہ کام کے راستے کی شناخت | ایریا انچارج اپنی ٹیموں کے ساتھ بیٹھے گی/گا اور مندرجہ ذیل پر ہر ٹیم ممبر کے ساتھ بحث کرے گی/گا۔<br>1. آپریشنل پلان جسمیں روزانہ کے کام کے آغاز اور اختتام کے مقام، ٹیم روٹ، اہم مقامات، چھوٹے گاؤں و دیہات کی نشاندہی ہو۔<br>2. ٹیموں کو روٹ نقشے کی مدد سے ہر دن کے کام میں شامل بستیوں اور گھروں کے بارے میں مختصر بتائے گا۔<br>3. ایریا انچارج ہر دن کی کمیونٹی ویکسی نیشن سائٹ کے بارے میں بھی ٹیموں کو بتائے گا، جہاں ٹیمیں ہر دن اپنے پہلے دورے کا کام مکمل کرنے کے بعد آرام کیلیے رک سکتی ہیں۔ ایریا انچارج کمیونٹی ویکسی نیشن سائٹ پر کی جانے والی سرگرمی کو بھی بیان کرے۔<br>4. ٹیموں کو ان کے روزانہ کام میں شامل سکولوں، مدارس، خاص توجہ طلب آبادی کے بارے میں بتائیں، انہیں ترجیحی بنیادوں پر ویکسین پلانا۔<br>5. کون سی اشیاء شرکاء مہم والے دن اپنے گھروں سے ہمراہ لائیں گے؟<br>6. کون کون سی اشیاء ٹیم سپورٹ سنٹر سے ہمراہ لے کر علاقے میں جائیں گے؟ |
| 60منٹ | ٹریننگ یا تربیت کا سٹال طریقہ کار | سٹال طریقہ کار اپناتے ہوئے ٹیموں کی تربیت کی جا سکتی ہے، اس طریقہ کار کے دوران ہر ٹیم ہر سٹال پر اپنی سرگرمیاں کرے گی۔<br>یوسی انچارج یا ٹرینر ہر ایریا انچارج اور سینئر ٹیم ممبرز کو ایک ایک سٹال پر تعینات کرے گا اور ان سے اس سٹال پر درکار اشیاء کی فراہمی کو یقینی بنائے گا۔<br>تمام ٹیم ممبران ہر سٹال کا دورہ کریں گے اور اس سٹال کی سرگرمی عملی طور پر کریں گے۔ ایریا انچارج اس عملی مظاہرے کے دوران ٹیم ممبران کی مدد کرے اور اگر کوئی غلطی ہو تو اس کی تصحیح کرائیں۔ نئے ٹیم ممبرز کم از کم تین بار ہر سٹال کا مشاہدہ کریں گے اور چوتھی بار ہر سٹال پر عملی مظاہرہ کر کے دکھائیں گے۔ |

| سٹال نمبر | مطلوبہ درکار اشیاء | طریقہ کار |
|---|---|---|

| | | |
|---|---|---|
| سٹال نمبر 1: ٹیم گھر والوں سے کیسے بات کرے | ایریا انچارج کو ایک کمیونٹی ممبر کے ساتھ موجود ہونا چاہیے۔ | ہر ٹیم ممبر اس سٹال کا دورہ کرے، کمیونٹی ممبر سے اس طرح بات چیت کرے کہ 5 سال سے کم عمر تمام بچوں کی معلومات مل سکیں۔ ایریا انچارج اس عملی مظاہرے کا مشاہدہ کرے اور ٹیم کی مدد کرے۔ |
| سٹال نمبر 2: پولیو ویکسین کی دیکھ بھال، کولڈ چین مینجمینٹ، وٹامن اے اور انگلی پر نشان لگانا۔ | ویکسین کیریئر مکمل آئس پیکس کے ساتھ، وی وی ایم کے مختلف مرحلوں میں موجود پولیو ویکسین، ویکسین ڈراپر، پولی تھین بیگز (زپ لاک والے) وٹامن اے کیپسول اور فنگر مارکر۔ | ہر ٹیم ممبر اس سٹال کا دورہ کرے اور پولیو ویکسین کو وی وی ایم کے مختلف مرحلوں کے مدد سے جانچنے، ویکسین کی تاریخ تنسیخ، ویکسین کو کیریئر میں صحیح طرح رکھنے اور ویکسین اور وٹامن اے پلانے کا عملی مظاہرہ کرے نیز ہر ٹیم ممبر ساتھی ٹیم ممبر کی انگلی پر نشان لگانے کا عملی مظاہرہ بھی کرے۔<br>اس سٹال پر موجود ایریا انچارج اس عملی مظاہرے کا مشاہدہ کرے اور ٹیم کی مدد کرے |
| سٹال نمبر 3: ڈور مارکنگ (گھر پر نشان لگانے) کا عمل۔ | خالی پینا فلیکس، بورڈ یا کچھ سادہ کاغذ۔<br>ایریا انچارج کچھ منظر نامے (مثال) پیش کرے۔ | ہر ٹیم ممبر اس سٹال کا دورہ کرے۔ ایریا انچارج انہیں کچھ منظر نامے (مثالیں) پیش کرے اور ٹیم کو دروازے پر نشان (ڈور مارکنگ) بھی اس منظر نامے کے مطابق کرنی ہو گی۔<br>اس سٹال پر موجود ایریا انچارج اس عملی مظاہرے کا مشاہدہ کرے اور ٹیم کی مدد کرے<br>ا |
| سٹال نمبر 4: ڈیٹا ریکارڈنگ (ٹیلی شیٹ) | مختلف منظر نامے مشق کرنے کیلئے، پینا فلیکس پر پرنٹ ہوئی ٹیلی شیٹ اور ایک بورڈ مارکر۔ | ہر ٹیم ممبر اس سٹال کا دورہ کرے گا جہاں ایریا انچارج انہیں کچھ منظر نامے پیش کرے گا اور ٹیلی شیٹ بھرنے کو کہے گا جسمیں مسڈ بچوں اور کیچ اپ کے ڈیٹا کے اندراج کی مشق بھی کی جائے گی۔<br>جب تمام ٹیم ممبر اس سرگرمی کی مشق کر لیں گی، ایریا انچارج تمام شرکا کو مکمل ٹیلی شیٹ کے بارے میں تفصیل سے بتائے گا۔ |
| سٹال نمبر 5: اے۔ایف۔پی، زیرو ڈوز، ڈی ڈی ایم | اے۔ایف۔پی اور زیرو ڈوز کی کاغذ پر چھپی ہوئی تعریف، ڈی ڈی ایم کارڈ کی کاپی اور ہدایات۔ | سٹال لگانے والا ہر ٹیم ممبر سے پوچھے کہ: اے۔ایف۔پی اور زیرو ڈوز بچے کیا ہوتے ہیں اور کیوں ہم ان کی معلومات ریکارڈ کرتے ہیں۔<br>سٹال لگانے والا ٹیموں سے ڈی ڈی ایم کے بارے میں پوچھے اور اس کارڈ کو پر کرنے کا طریقہ واضح کریں، مطلوبہ کاغذات کی معلومات بھی مہیا کرے۔ |
| 45 منٹ | تربیتی کام کا عملی مظاہرہ (موک ایکسرسائز) | ٹیموں کی تربیت کو مزید موئثر بنانے کیلیے ایریا انچارج اپنی تمام ٹیم ممبران کو قریبی علاقے کے گھروں پر لے جائے۔ ٹیم ممبران کے پاس ساری ضروری اشیا موجود ہونی چاہیں جیسا کہ ویکسین، ویکسین کا ڈبہ، چاک، مارکر، ٹیلی شیٹ وغیرہ۔<br>ٹیم ممبران گھروں کے دورے کے دوران وہ تمام کام سر انجام دیں جو بچوں کو ویکسین پلانے اور ڈیٹا ریکارڈ کرنے کیلئے کرتے ہیں۔ |
| اختتام | تربیتی عمل کو مزید بہتر بنانے کیلیۓ مزید سٹال کا اضافہ کیا جا سکتا ہے۔<br>تربیتی سیشن کے اختتام پر تمام شرکاء کا شکریہ ادا کریں۔ اور مہم شروع ہونے کی تاریخ بتائیں۔ | |

## فرنٹ لائن ورکرز (ٹیموں) کو ٹریننگ کیلئے درکار مطلوبہ سامان کی فہرست:

| | | |
|---|---|---|
| 1۔ ٹریننگ کا ایجنڈا<br>2۔ وی وی ایم کے مختلف مرحلوں میں موجود پولیو ویکسین،<br>3۔ ویکسین کیریئر مکمل آئس پیکس کے ساتھ<br>4۔ پولی تھین بیگز (کم از کم تین)<br>5۔ فنگر مارکر | 6۔ چاک یا بورڈ مارکر<br>7۔ بلیک بورڈ یا سفید بورڈ یا خالی پینا فلیکس<br>8۔ ٹیلی شیٹ یا رجسٹریشن بک<br>9۔ پینا فلیکس پر ٹیلی شیٹ<br>10۔ فرنٹ لائن ورکرز کے تربیتی دستاویزات | 11۔ مائیکرو پلان (آپریشنل پلان)<br>12۔ ٹیموں کے روٹ میپ<br>13۔ وٹامن اے کیپسول (سرخ اور نیلے)<br>14۔ ڈی ڈی ایم کارڈ کی کاپی |